SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

# PRESS RELEASE

For immediate release

September 6, 2023

## ایس ای سی پی نے قسط بازار کمپنی کو شریعہ کمپلائنس کاروبار کا سرٹیفکیٹ جاری کر دیا

اسلام آباد، 6 ستمبر: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے لائسنس یافتہ نان بینکنگ فنانس کمپنی میسرز قسط بازار کو شریعہ کمپلائنس کاروبار کا سرٹیفکیٹ جاری کر دیا ہے۔ یہ کمپنی موسومہ کے شرعی اصول کے تحت صارف کی جانب سے خریدی گئی اشیاء کی قیمت بعد میں یا قسطوں میں ادائیگی کی سہولت فراہم کرتی ہے، اس اصول کے تحت خریدی گئی پراڈکٹ کا مارجن اس کی قیمت میں شامل ہوتا ہے۔

شریعہ کمپلائنس کا سرٹیفکیٹ قسط بازار (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو شریعہ گورننس ریگولیشنز، 2018 کے تحت دیا گیا ہے۔ قسط بازار (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ایک نان بینکنگ فنانس کمپنی ہے جو کہ سرمایہ کاری کی مالیاتی خدمات فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کی جانب سے ایک شرعی مشیر کی خدمات حاصل کی گئی ہیں جس نے کمپنی کی مصنوعات اور خدمات کو شرعی ضوابط کے مطابق تشکیل دیا ہے۔ توقع ہے کہ غیر بینک مالیاتی شعبے میں مزید کمپنیاں اسلامی مالیاتی مصنوعات اور خدمات فراہم کریں گی۔

ایس ای سی پی، آئینی تقاضوں اور اپنے مینڈیٹ کے مطابق، اپنے تمام ریگولیٹڈ سیکٹرز میں اسلامی فنانس کی ترقی اور فروغ کے لیے پر عزم ہے۔ اس سال کے شروع میں ایس ای سی پی نے اسلامی مالیاتی مارکیٹ کا ایک جامع جائزہ لیا اور اسلامی مالیاتی خدمات اور مصنوعات کے فروغ کے لیے کوششوں کو تیز کیا۔